© rasailojaraid.com



# نامے مرے نام ........!

پچھلے دنوں ملک کے ممتاز اہل قلم، دینی سکالر، ماہر تعلیم اور مصنف جناب پروفیسر غلام احمد حریری مختصر علالت کے بعد فیصل آباد میں انتقال فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ان کے اٹھ جانے سے جماعتی، دینی اور علمی حلقوں میں ایک خلا پیدا ہوا ہے۔ جس کا پر ہونا مشکل ہے اللہ تعالیٰ جماعت کو ان کا نعم البدل عطاء فرمائے۔ مرحوم کے ساتھ میرے نیاز مندانہ مراسم تھے جو کم و بیش ربع صدی پر محیط ہیں۔ میرے پاس مرحوم کے متعدد مکاتیب گرامی موجود ہیں۔ ان میں سے چند ہدیۂ قارئین کیے جا رہے ہیں۔

(بشیر انصاری)

غلام احمد حریری

ایم-اے عربی (I) ایم-اے علوم اسلامیہ (I) ایم-او-ایل (عربی)
فاضل السنہ شرقیہ - فاضل درس نظامی
صدر شعبہ عربی و علوم اسلامیہ
اسلامیہ کالج لائل پور

تاریخ

عزیز محترم جناب انصاری صاحب۔

سلام مسنون!

آپکا مژدہ جانفزا ملا۔ آپ کی شاندار کامیابی سے مجھے بے حد مسرت ہوئی۔ میں اس کو آپ کیلئے شاندار ہی سمجھتا ہوں۔ خداوند کریم اسے آپ کیلئے دین و دنیا میں مبارک کرے۔ میری جانب سے اس پر ہدیۂ تبریک و تہنیت قبول فرمائیے۔ حافظ ظہیر صاحب[1] کو بھی مبارکباد کا خط لکھ دیا ہے۔ میں آپ کیلئے کسی پوسٹ کی تلاش میں رہوں گا۔ "شعور نو" کا پیچھا آپ نے نہ ہی چھوڑا ہے۔ اسے دیکھ کر آپ کو بہت مایوسی ہوگی۔ کوئی چیز پڑھنے کے قابل نہیں ہوتی میں جو چیز لکھتا ہوں وہ نہایت عوامی اور سطحی ہوتی ہے اس میں یہ ملحوظ رکھا جاتا ہے کہ میرے مخاطب دیہاتی زمیندار ہیں۔ ورنہ میں بھجوا سکتا ہوں۔ دیگر خیریت ہے۔ والسلام۔

غلام احمد

D-61 پیپلز کالونی لائل پور

---

[1] علامہ احسان الٰہی ظہیر شہید۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مجلس عربی و علوم اسلامیہ

**اسلامیہ کالج لائل پور**

سرپرست :
جناب آغا غیاث الدین احمد صاحب
(پرنسپل)
ڈبلیو-پی-اے ایس I (ریٹائرڈ)
بی-ایس-سی (ایگریکلچرل پنجاب)
بی-ایس-سی (لندن) ایم-ایس-سی (کیلیفورنیا)
بار-ایٹ-لا-ایف-بی-ایس

صدر مجلس :
فضل الرحمن فیضی
سال چہارم

معتمد مجلس :
محمد زبیر سال دوم

ناظم اعلیٰ :
پروفیسر غلام احمد حریری

معاونین ناظم اعلیٰ :
(۱) پروفیسر مہر محمد عبداللہ
ایم-اے
(۲) پروفیسر غلام قادر فاروقی
ایم - اے

نمبر ________ تاریخ

عزیز محترم سلمہ الرحمٰن ۔

سلام مسنون ! گرامی نامہ موصول ہوا۔ یاد آوری کا ممنون ہوں۔ آپ نے الاعتصام کے از سر نو اجراء کے بارے میں جن مساعی جمیلہ کا تذکرہ کیا ان کیلئے آپ کا بے حد ممنون ہوں۔ میں نے الاعتصام میں آپ کا مضمون بغور پڑھا تھا۔ آپ مسلسل لکھتے رہیں اور ظہیر صاحب کی ادارت سے فائدہ اٹھائیں۔ آجکل فارم گائیڈ میں جانا نہیں ہوتا۔ آپ چوہدری نصرت علی صاحب ایم ایس سی ایڈیٹر "شعور نو" ادارہ فارم گائیڈ زرعی یونیورسٹی لائل پور" کے نام خط لکھ دیں۔ میرا حوالہ بھی دے دیں کہ وہ سب شمارے آپ کو بھجوا دیں جن میں حقیقت اسلام کا مضمون چھپ چکا ہے۔ پانچ قسطیں نکل چکی ہیں۔ میں بھی آپ کا پتہ وہاں دے دوں گا۔ آپ اپنے نتیجہ اور رول نمبر سے بھی آگاہ کریں۔ دیگر خیریت ہے۔ علوم القرآن کے پروف پڑھ چکا ہوں۔ اور اب وہ جلد مارکیٹ میں آرہی ہے۔ والسلام

غلام احمد

D – ۶۱ پیپلز کالونی لائل پور

۱۲/ اکتوبر

عزیزم انصاری صاحب

سلام مسنون ! عافیت نامہ ملا۔ آپ کا مضمون حوصلہ افزا مگر تشنہ ہے۔ زبان اچھی ہے آپ یہ مضمون تو چھپنے دیں۔ مگر ندوۃ المصنفین دہلی کی کتاب "اسلام کا نظام مساجد" اور سیرۃ النبی شبلی کی متعلقہ جلد میں مساجد سے متعلق معلومات پڑھ کر اس پر ایک بھرپور مقالہ لکھیں۔ مضمون نویسی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیلئے آپ "ترجمان القرآن" معارف اور برہان دہلی کا مطالعہ کریں۔ خصوصاً سید ابوالاعلیٰ مودودی کا مکمل لٹریچر پڑھیں۔ علاوہ ازیں آپ ۱۔ چھوٹے چھوٹے پیرے بنا کر لکھنے کی عادت ڈالیں۔ ۲:۔ ذیلی عنوانات قائم کرتے جائیں۔ ۳:۔ مضمون کو مدلل بنانے کیلئے آیات و احادیث اور آثار سلف کا حوالہ دیا کریں۔ ۴:۔ مضمون میں منطقیانہ ربط و تسلسل پیدا کریں۔

میں نے بڑے قلیل وقت میں یہ معروضات لکھے ہیں ان کی تعمیل فرمائیں۔

II - الاعتصام میں آپ کا مضمون میری نظر سے نہیں گذرا۔ ایک ماہ سے الاعتصام مجھے نہیں مل رہا۔ میں عدیم الفرضی کی بنا پر ظہیر صاحب کو نہیں لکھ سکا۔ براہِ کرم زبانی یا تحریری میرا یہ پیغام ان کو پہنچا دیں کہ سابقہ چار پرچے اکٹھے مجھے بھجوا دیں۔ کانفرنس نمبر بھی مجھے نہیں ملا۔ میں چندہ بھیج دوں گا۔ بے خیالی میں تاخیر ہو گئی۔ میں مفت خورہ کبھی نہیں رہا۔ تاکیداً عرض ہے کہ یہ گذارشات جناب ظہیر تک پہنچا دیں۔

III - لاہور میں ہمارے کتب فروش راوی بکڈپو اردو بازار والے ہیں۔ ان کے یہاں ریکارڈ ہوتا ہے کہ کتب کہاں کہاں جا رہی ہیں۔ ان کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ ابھی خواتین کالج گوجرانوالہ میں ہماری کتابیں نہیں گئیں۔ ممکن ہے آپ کا بیان درست ہو۔ ویسے گوجرانوالہ والے لاہور ہی سے کتابیں منگواتے ہیں۔ راولپنڈی ان سے دور ہے۔ بہرکیف آپ کی مساعی کا شکریہ! اسلامی نظریۂ حیات ان کو بھجوا دی تھی۔ ان کتب کی اشاعت بھی بالواسطہ مسلک ہی کی حمایت ہے۔

IV - اچھا ہوا آپ نے کانفرنس میں شرکت کی حقیر تو ہنگامہ خیزی اور عام مجمعوں سے گھبراتا ہے اور گوشۂ خلوت کو ترجیح دیتا ہے۔ گوجرانوالہ میں آنے کا موقع ملا تو خدمت میں ضرور حاضر ہوں گا۔ براہِ کرم ظہیر صاحب کو آج ہی لکھ دیں۔ والسلام۔

غلام احمد

فون نمبر ۲۸۰۶ بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور

شعبہ علوم اسلامیہ

تاریخ ۱۸-۳-۷۶

عزیز محترم انصاری صاحب سلمہ الرحمٰن۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! گرامی نامہ موصول ہوا۔ صدیقی صاحب¹ کی علالت کی صورت میں کوئی انگریزی کا آدمی دیکھ لیں جو دینی اصطلاحات سے بھی آگاہ ہو۔ شیخ محمد بن عبدالوہاب پر مضمون لکھنے کی آرزو ہے۔ مگر آج کل مشاغل کا ہجوم ہے۔ اسلامیات یہاں کا سب سے بڑا شعبہ ہے جس کی سربراہی کا بوجھ میرے سر ہے۔ تدریس کے علاوہ انتظامی امور میں بڑا وقت لگ جاتا ہے۔ اگر آپ قبول کریں تو "نوائے وقت" میں میرا ایک مضمون "اسلام کا تصور قانون" مورخہ ۱۹ ر جنوری ۱۹۷۸ء کے پرچہ میں شائع ہوا ہے وہ شائع کر دیں۔ ایک مضمون "فہم قرآن اور سنّت نبوی" تحریر کیا تھا وہ غلطی سے الحدیث لاہور کو بھیج دیا وہ نیا مضمون تھا۔

بہر نوع کوشش کرونگا کہ شیخ صاحب کی دعوت و سیرت پر کچھ لکھ سکوں۔ قاری اسلم صاحب کو سلام کہہ دیں اور ساتھ ہی خط لکھنے کی فرمائش بھی۔ میری ایک نئی کتاب چھپی ہے جس کی صورت میں نے بھی ابھی نہیں دیکھی۔ کتاب آفسٹ پر چھپی ہے اور ۵۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اشتہار ہی مجھے ملا تھا وہ آپ کی اطلاع کیلئے ارسال کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ آپ بعافیت تمام ہوں گے۔ والسلام

بشرف ملاحظہ جناب شبیر انصاری صاحب ایم۔ اے

احقر
غلام احمد حریری

---

¹ پروفیسر عبدالحمید صدیقی مرحوم۔

○

زرعی یونیورسٹی لائل پور
۲۸ - مارچ

عزیزم جناب انصاری صاحب

سلام مسنون ! گرامی نامہ موصول ہوا۔ یادآوری کا ممنون ہوں۔ مگر ابھی تک "الاسلام" کا پہلا شمارہ موصول نہیں ہوا۔ موصول ہونے پر ضرور اس کیلئے کوئی مضمون لکھوں گا۔

کوشش کریں کہ "الاسلام" کا معیار و مدار بلند رہے اور اس میں معیاری مضامین شائع ہوا کریں۔

دیگر خیریت ہے۔ امید ہے آپ بھی بعافیت تمام ہوں گے۔ والسلام۔

مخلص، غلام احمد حریری ۔ ۵ — 61 پیپلنہ کالونی لائل پور۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



زرعی یونیورسٹی لائل پور
۲۰ مئی

عزیز محترم انصاری صاحب

سلام مسنون ! ۱ - آپ کے دونوں گرامی نامے موصول ہوئے ۔ فیصل نمبر کیلئے مضمون انشاء اللہ العزیز ماہ جون کے پہلے ہفتہ میں لکھ کر بھیج دوں گا۔

II - منصوبہ بندی کے موضوع پر لکھنے کا احقر حد درجہ خواہشمند ہے۔ خصوصاً جب کہ آپ رابطہ عالم اسلامی کو بھی بھیجنا چاہتے ہیں مگر اس میں یہ امر مانع ہے کہ جب تک میں سروس میں ہوں میں ایسا مضمون نہیں لکھ سکتا۔ ہر ہفتہ مجھے تحریراً متنبہ کیا جاتا ہے ۔ اس کیلئے معذوری ہے۔ ورنہ میں یہ خدمت ضرور انجام دیتا ۔ دیگر خیریت ہے والسلام ۔

مخلص ۔

غلام احمد حریری —— زرعی یونیورسٹی لائل پور

عزیز محترم سلمہ الرحمٰن

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔

I - گرامی نامہ ملا ۔ آپ اولین فرصت میں تشریف لائیں ۔ آپ کے ساتھ ضروری کام ہے ۔

II خواتین کالج کی اساتذہ کے اسماء معلوم کر لیں تاکہ براہ راست ان کے تمام کتب بھجوا سکیں ۔ ویسے اُمید ہے کہ پبلشر نے کتابیں بھجوا دی ہوں گی ۔ آپ کی مساعی جمیلہ کا سپاس گزار ہوں ۔

والسلام ۔ غلام احمد حریری ۔

© rasailojaraid.com